فوری ریلیز کے لیے: 2023/30/3 ***گورنر KATHY HOCHUL***

**افتتاحی دن پر گورنر HOCHUL کا نیو یارک ینکیز اور نیو یارک میٹس کے ساتھ نئی "I LOVE NY" سیاحتی شراکت داری کا اعلان**

***نئی مہم نیو یارک کی بیس بال کی میراث کو اجاگر کرے گی اور شائقین کو بیس بال کے مرکزی خیال والے گیٹ وے کی منصوبہ بندی کرنے کی ترغیب دے گی***

***iloveny.com/baseball پر پُرکشش مقامات اور مقابلوں کو اجاگر کیا گیا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک ینکیز اور نیو یارک میٹس کے درمیان 2023 میجر لیگ بیس بال سیزن کے آغاز کا جشن مناتے ہوئے ایک نئی سفری اور سیاحتی شراکت داری I LOVE NY کا اعلان کیا۔ اس سیزن میں I LOVE NY برانڈ کے نشانات ینکی سٹیڈیم اور سٹی فیلڈ میں ظاہر ہوں گے، اور ٹیلی ویژن پر گیم کی نشریات کے دوران بھی نظر آئیں گے۔ یہ نشانات، ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا کی کوششوں کے ساتھ، شائقین کو iloveny.com/baseball ملاحظہ کرنے اور ریاست نیو یارک کے بیس بال پر مبنی سفر کا منصوبہ بنانے کی ترغیب دیں گے۔ نیو یارک بیس بال کے شائقین کے لیے ایک مثالی منزل ہے، اور مہم ہر عمر کے شائقین کے لیے دیکھنے اور کرنے کے لیے سب کچھ دکھائے گی۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "نیو یارک میں موسم بہار کا اعلان جس طرح افتتاحی روز ہوتا ہے ویسا کبھی نہیں ہوتا، اور ہم دنیا بھر سے آنے والے مہمانوں، قدر دانوں اور شائقین کو اپنی ریاست کی بیس بال کی میراث کا حصہ بننے کے لیے خوش آمدید کہتے ہوئے بہت پُرجوش ہیں۔ جیسے ہی برونکس بمبار اور امیزن مٹس اس سیزن میں میدان میں اتر رہے ہیں، ہمیں نیو یارک کی بڑی لیگ ٹیموں کے ساتھ مل کر کام کرنے اور شائقین کو ہماری ریاست کی بیس بال کی تاریخ، ورثے اور ثقافت میں مدد کرنے پر فخر ہے۔ اس متحرک I LOVE NY شراکت داری کی بدولت، ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ نیو یارک میں سیاحت "ہوم رن" رہنا جاری رہے گی"۔

نیو یارک میں بیس بال کی ایک بھرپور تاریخ ہے: یہ سرکاری کھیل ہے، اور کوپرزٹاؤن میں نیشنل بیس بال ہال آف فیم اور میوزیم کا گھر ہے۔ ہال آف فیم کی سالانہ انڈکشن ویک اینڈ کی تقریبات ہر موسم گرما میں دسیوں ہزار شائقین کا خیرمقدم کرتی ہیں۔ نیو یارک وہ جگہ ہے جہاں جیکی رابنسن نے اپریل 1947 میں بیس بال کی انسانی جلد کے رنگ کی رکاوٹ کو توڑا تھا، اور لوئر مینہیٹن میں نیا جیکی رابنسن میوزیم ڈائمنڈ کے اندر اور باہر ان کی کامیابیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

بیس بال ریاست بھر کے علاقوں کے لیے ایک اقتصادی انجن بھی ہے۔ دنیا بھر سے لاکھوں شائقین مٹس اور ینکیز کو خوش کرنے کے لیے ہر سیزن میں کوینز اور برونکس کا سفر کرتے ہیں۔ نیو یارک میں بفلو سے بروکلین تک مائنر لیگ بیس بال کی چھ ٹیمیں اور آٹھ آزاد لیگ کلب ہیں۔ بے شمار نوجوانوں کی بیس بال اور سافٹ بال لیگز، ٹیمیں اور ٹورنامنٹ موسم گرما کے بیس بال سیزن کے دوران نیو یارک اور شمال مشرق سے خاندانوں کو لاتے ہیں، جو بڑی لیگرز کی اگلی نسل کے لیے بیج لگاتے ہیں۔

**نیو یارک مٹس کے مالک، چیئرمین اور سی ای او Steve Cohen نے کہا،** "نیو یارک صرف بیس بال کا شہر ہی نہیں ہے، بلکہ یہ بیس بال کی ریاست ہے۔ جذبہ، وفاداری اور فخر جو نیو یارک کے مکین پورے موسم میں دکھاتے ہیں وہ نیو یارک کو دنیا کا سب سے بڑا مقام بنانے کا ایک بڑا حصہ ہے۔ ہم سیزن کے آغاز کے متعلق بہت پُرجوش ہیں۔ بیس بال اور ریاست نیو یارک اسٹیٹ کامیابی کے راستے پر ہیں"۔

**نیو یارک ینکیز کے صدر Randy Levine نے کہا،** "ینکیز ریاست نیو یارک کے سفیر کے طور پر خدمات انجام دینے اور تمام 50 ریاستوں اور دنیا بھر سے آنے والے مہمانوں کا خیرمقدم کرنے پر بہت فخر محسوس کرتے ہیں۔ جیسا کہ بیس بال کے شائقین کو معلوم ہے، ینکی سٹیڈیم میں کھیل دیکھنے جیسا واقعی کچھ نہیں ہے، جو بیک وقت ماضی کا احترام کرتا ہے اور حال کا جشن مناتا ہے۔ ہماری ٹیم کی اتنی زیادہ کامیابی ہمارے مداحوں کی جانب سے ہر مقابلے میں فراہم کیے جانے والے پُرجوش ماحول کا براہ راست نتیجہ ہے، اور ہم ہر اس شخص کے لیے اس تجربے کو بڑھانے کے لیے کمربستہ ہیں جو ہمارے ٹرن اسٹائلز (گھومنے والے دروازوں) سے گزرتا ہے۔ جبکہ ہم سال 2023 کے بیس بال سیزن کی طرف بڑھ رہے ہیں، ہمیں خاص طور پر I LOVE NY پہل کاری کے ساتھ شراکت میں ان کوششوں کو جاری رکھنے پر فخر ہے، کیونکہ ہم اپنی آبائی ریاست کے بارے میں بالکل ایسا ہی محسوس کرتے ہیں"۔

**ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "بیس بال کا مطلب نیو یارک کے لیے کاروبار ہے، کیونکہ یہ دنیا بھر سے آنے والوں کو اس کھیل کا جشن منانے کے لیے ریاست میں لاتا ہے جسے وہ پسند کرتے ہیں۔ ینکیز اور مٹس کے ساتھ یہ نئی شراکت داری نیو یارک اور ہمارے قومی تفریح - افسانوی مقامات، عظیم الشان مقابلوں، اور پائیدار تاریخ - کے درمیان خصوصی تعلق کو اجاگر کرنے میں مدد کرے گی جس نے ایمپائر سٹیٹ کو اپنی ایک لیگ میں ڈال دیا ہے"۔

**ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے نائب صدر اور سیاحت کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Ross D. Levi نے کہا،** "ریاست نیو یارک بیس بال کے ہر شوقین کے خوابوں کی منزل ہے، ریاست بھر کی چھوٹی لیگ ٹیموں سے لے کر، نیو یارک شہر کے ینکی سٹیڈیم اور سٹی فیلڈ تک، اور وہاں سے کوپرٹاؤن میں نیشنل بیس بال ہال آف فیم اور عجائب گھر تک – جو بیس بال کی ہر بکٹ لسٹ پر ایک نمایاں سٹاپ ہے۔ I LOVE NY بیس بال سیزن کے آغاز کا خیرمقدم کرتا ہے اور ریاست کی بڑی لیگ ٹیموں کے ساتھ شراکت داری پر فخر محسوس کرتا ہے تاکہ ریاست نیو یارک کے بارے میں بات کو بیس بال کی حتمی منزل کے طور پر پھیلایا جا سکے۔ ہم دنیا بھر کے شائقین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ ایمپائر سٹیٹ بیس بال کی چھٹیوں کا منصوبہ بنائیں اور انہیں جو کچھ پسند ہے وہ اس موسم گرما میں پائیں"۔

سیاحت اور سفر نیو یارک ریاست کی معیشت کے لیے اہم ہیں۔ سنہ 2021 میں، صنعت نے 85.5$ بلین کا اقتصادی اثر پیدا کیا تھا۔ سیاحت اور میزبانی کا شعبہ، ریاست کی تیسری بڑی صنعت ہے، جو نجی سیکٹر کی 10 ملازمتوں میں سے ایک شعبے کی معاونت کرتا ہے۔ سیاحت کے ذریعے جمع ہونے والے ریاستی اور مقامی ٹیکسوں سے ریاست کے ہر گھر کو سالانہ 1,000$ سے زیادہ کی بچت ہوتی ہے۔

**ریاست نیو یارک کے بارے میں**
ریاست نیو یارک چھٹیاں گزارنے کے لیے ایک اعلیٰ ترین مقام ہے جہاں عالمی سطح کے پُرکشش مقامات، دلکش قدرتی خوبصورتی، مقامی طور پر تیار کردہ کھانے اور تخلیق کردہ مشروبات کا ترقی پاتا ہوا سلسلہ، متنوع رہائش، اور سال بھر کے دوران جاری رہنے والے مثالی تہوار اور تقریبات ہوتی ہیں۔ اس کے چھٹیاں گزارنے والے 11 متنوع علاقوں میں کچھ دنیا میں اعلی درجے کے ساحل ہیں؛ امریکہ کے تین پسندیدہ ترین ریاستی پارکس میں سے دو؛ دم بخود کر دینے والی نیاگرا فالز؛ کسی بھی دوسری ریاست سے بڑھ کر سکیئنگ کرنے کے علاقے؛ سبزے کا طویل ترین قومی موسم؛ متعدد ہالز آف فیم؛ شمالی امریکہ کی طویل ترین، تیز ترین اور بلند ترین زپ لائن؛ ریاست ہائے متحدہ امریکہ سے متصل سرکاری طور پر سب سے بڑا محفوظ کردہ علاقہ؛ اور ملک کی طویل ترین کثیر الاستعمال ٹریل شامل ہے۔ ریاست کے منفرد عجائب گھروں، تاریخی یادگار علامتوں، ثقافتی مقامات، خوبصورت چھوٹے قصبوں اور شہری کھیل کے میدانوں کو بھی شامل کر لیں، اور پھر نیویارک کو سفری و سیاحتی اشاعتوں اور ماہرین کی جانب سے مستقل طور پر منتخب بہترین مقام قرار دیا جانا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ ریاست نیو یارک میں اپنی اگلی تعطیلات کی منصوبہ بندی میں مدد کے لیے، [www.iloveny.com](http://www.iloveny.com) ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں